12/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینمسرت شاہ

مذاکرات

امریکہ اور ایران کے درمیان پاکستان کے اسلام آباد میں قریب21گھنٹے تک چلے مذاکرات کسی اتفاق رائے پر پہنچنے کے بغیر ہی ختم ہو گئے ہیں۔

وانس نے بتایا کہ بات چیت سنجیدہ تھی لیکن کسی نتیجے پر نہیں پہنچ JDامریکہ کے نائب صدر سکی۔ انہوننے کہا کہ اصل اختلاف اس بات پر ہے کہ واشنگٹن تہران سے جوہری ہتھیار نہ بنانے اور ایسی صلاحیت حاصل نہ کرنے کی واضح اور طویل مدتی یقین دہانی چاہتا ہے۔

انہوننے مزید کہا کہ امریکہ نے نیک نیتی پر مبنی موقف اختیار کیا مگر ایران نے پیش کر دہ شرائط قبول نہیں کی۔

-----JD Vance-----

ان مذاکرات کو کشیدگی کم کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان کسی منظم مفاہمت تک پہنچنے کی اہم سفارتی کوشش قرار دیا جارہا تھا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ نے جموں کشمیر کومکمل طور نشہ مکت بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ نشہ آور چیزوں کے استعمال پر روک لگانے اور لوگوں میں اس حوالے سے بیداری پیدا کرنے کےلئے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سو روز پر مشتمل ایک جامع مہم کا آغاز ہو گیا۔

اس موقعے پر ایک پد یاترا میں شرکت کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ اس مقصد کے لئے سماج کے ہر طبقے کو کام کرنا ہو گا ۔

---Pad yatra-LG--------

اس موقعہ پر ایل جی نے وہاں موجود تمام لوگوں اور شخصیات کو نشہ مخالف مہم کامیاب بنانے کا عہد دلایا ۔

اضلاع

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت جمونو کشمیر کے سبھی اضلاع میں بھی متعلقہ ضلع انتظامیہ اور ضلع پولیس نے الگ الگ پروگراموں کا انعقاد کیا ۔

اننت ناگ میں منعقدہ ایک پروگرام میں ضلعے کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے منشیات کے خلاف لڑائی کو ایک اجتماعی ذمہ داری قرار دیا۔

کولگام ضلعے میں ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے پروگرام کے شرکاءکو منشیات سے دور رہنے کا عہد دلایا جبکہ اس موقعے پر خون کے عطیے کا ایک کیمپ بھی منعقد کیا گیا۔

بڈگام میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر تے ہوئے ضلعے کے ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے منشیات سے پاک ایک سماج کی تعمیر کےلئے نتیجہ خیز اقدامات کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

لیبر کمشنر

جمونو کشمیر کے لیبر کمشنر اور ایمپلائز سٹیٹ انشورنس سو سائٹی کے ڈائریکٹر ایس چرن سکیم کے تحت ورکروں کی صحت سلامتی اور ان کے سماجی تحفظ کی ESIدیپ سنگھ نے ضرورت اُجاگر کی ہے۔

وہ لاسی پورہ پلوامہ میں”آروگیہ ابھی رَکشا سپتاہ“ کی اختتامی تقریب میں بول رہے تھے، پیشہ وروں کے مفاد میں کئی سرگرمیاں انجام دی گئی۔ HR جہانورکروں اور

کے فوائد، ڈیجیٹل اقدامات اور سروس ڈیلیوری کے ESI کیمپ میں خاص طور پر طریقہ

کارکی نسبت سے شرکاءکو جانکاری دی گئی۔ ۂ

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ٹریفک منیجمنٹ سے متعلق کثیرجہتی کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران شہر میں ٹریفک کی گنجانیت پر قابو پانے کےلئے اثر دار اقدام کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

انہوننے ٹریفک کی روانی بہتری اور سدھار لانے کے جاری اقدامات سمیت اہم مقامات پر ضروری بنیادی ڈھانچے اور پارکنگ سہولیات کی تعمیر کے کام جائزہ لیا۔

صوبائی کمشنر نے سکول گاڑیوں سے ہونے والی گنجانیت کو کم کرنے کےلئے متعلقین کے ساتھ ایک میٹنگ کر نے اور لوگوں کی طرف سے عین سڑکوں پر اپنی گاڑیاں کھڑا کرنے کے مسائل کا حل ڈھونڈنے پر زور دیا۔

شری PM

شری گورنمنٹ سکنڈری سکول میں میڈیا کے مطالعات اور PMلہر وال پورہ بانڈی پورہ میں قائم ٹیکنالوجی کے ذمہ دارانہ استعمال پر ایک پروگرام منعقدکیا گیا۔

کشمیر یونیورسٹی کے شعبہ میڈیا ایجوکیشن اینڈ ریسرچ سینٹر میں پروفیسر ڈاکٹر سیدہ افشانہ کے خلاف خبر دار کر تے ہوئے ٹیکنالوجی کا بامعنی استعمال "Brain Rot" نے طالب علموں کو کرنے کی ترغیب دی۔ اس موقعے پر ادارے کے سر براہ جا وید جواد اور فیکلٹی کے رُکن وِقار احمد نے بھی موضوع پر اپنے خیالات کا اظہارکیا۔

چنار کور

فوج کی چنار کور کی جانب سے شمالی کشمیر کے اوڑی بارہمولہ میں// زچہ گی کے دوران خواتین کی صحت برقرار رکھنے کی غرض سے// ایک خصوصی جانکاری کیمپ منعقد کیا گیا۔

اس جانکاری کیمپ مینسلام آباد اوڑی اور ملحقہ علاقوں کے با شندوں نے حصہ لے کر فوج کی سراہنا کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....